نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں پیداواری منصوبہ موسم سرما کی سبزیات مٹر، گاجر، مولی، شلجم اور پھول گوبھی 23-2022 کی منظوری بارے اجلاس کا انعقاد

لاہور15 اگست 2022: بڑھتی ہوئی آبادی کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے اور متوازن غذا کے حصول کے لیے سبزیوں کی کاشت کا فروغ واستعمال وقت کی اہم ضرورت ہے۔سبزیوں میں پائے جانے والے وٹامنز اور دیگر غذائی اجزاانسانی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے بے حد ضروری ہیں۔جدید تحقیق کے مطابق خوراک میں سبزیوں کا بطور سلاد و سالن استعمال انسانی جسم کی نشوونما کے لیے بہت ضروری ہے۔سبزیوں کی کاشت دیگر فصلوں کے مقابلہ میں زیادہ منافع بخش ہے اور سبزیاں کم رقبہ سے زیادہ پیداوار دیتی ہیں ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل زراعت (فارم اینڈ ٹریننگ)، پنجاب، ڈاکٹر اشتیاق حسین نے ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں پیداواری منصوبہ جات موسم سرما کی سبزیات مٹر، گاجر، مولی، شلجم، پالک، سلاد، بند گوبھی اور پھول گوبھی 23-2022 کی منظوری بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس اجلاس میں ماہرین سبزیات آری فیصل آباد، ڈاکٹر قیصر لطیف، مدثر اقبال، ڈاکٹر ساجد علی اور محمد امین، ڈپٹی ڈائریکٹر پلانٹ پروٹیکشن، فیصل آباد، ڈاکٹر عامر رسول، اسسٹنٹ ڈائریکٹر انفارمیشن اینڈ فلم محمد اسحاق لاشاری کے علاوہ دیگر زرعی سائنسدانوں نے شرکت کی۔اس موقع پر سینئر سائنٹسٹ مدثر اقبال نے اجلاس کے دوران بتایا کہ مٹر، گاجر، مولی، شلجم، پالک، سلاد، بند گوبھی اور پھول گوبھی موسم سرما میں اگائی جانے والی اہم سبزیاں ہیں اور ان میں حیاتین، پروٹین، معدنیات، اور ریشے کی وافر مقدار موجود ہوتی ہے۔سبزیاں نہ صرف بیماریوں جن میں پھیپھڑوں کا کینسر، شوگر، ہیپاٹائٹس اور دل کے امراض کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتی ہیں بلکہ جسم کے زہریلے اور فاسد مادوں کے اخراج کا سبب بھی بنتی ہیں۔سینئر سائنٹسٹ، ڈاکٹر قیصر لطیف نے سبزیوں کے استعمال پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ انسانی خوراک میں سبزیوں کا استعمال 300 سے 350 گرام فی کس روزانہ ہونا چاہیے جبکہ ہمارے ملک میں یہ مقدار 100 سو سے 150 گرام فی کس روزانہ ہے جو سفارش کردہ مقدار سے آدھی سے بھی کم ہے جس کی وجہ سے انسانی بیماریوں اور صحت عامہ کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔یاد رہے کہ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں منظوری کے بعد یہ منصوبہ جات کاشتکاروں کو تقسیم کئے جاتے ہیں تا کہ جدید پیداواری ٹیکنالوجی پر عمل کرتے ہوئے کاشتکار اپنی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کر سکیں۔اجلاس میں پیداواری منصوبہ موسم سرما کی سبزیات مٹر، گاجر، مولی، شلجم، پالک، سلاد، بند گوبھی اور پھول گوبھی 23-2022 چند ضروری ترامیم کے بعد منظوری دی گئی۔

☆☆☆☆